# این سی سپریم کورٹ
## کیا ہے اور یہ کیا کرتی ہے؟

ریاستی سپریم کورٹ شمالی کیرولائنا کی اعلیٰ ترین عدالت ہے۔ یہ صرف اپیلوں* پر سماعت کرتی ہے، اس لیے یہ کوئی عدالتی تحقیقات نہیں کرتی اور نہ ہی اس کی کوئی جیوری ہوتی ہے۔ **اس کا بنیادی مقصد اس بات پر غورو خوص کرنا ہے کہ آیا نچھلی عدالتوں میں کوئی غلطی واقع ہوئی ہے، یا ججوں نے ہمارے قوانین کی کس طرح تشریح کی ہے۔**

اپیل: پچھلے قانونی فیصلے کو للکارنا**

این سی سپریم کورٹ ہم پر اثر انداز ہونے والے مسائل جیسا کہ اسقاط حمل، ریاستی نقشے، بندوق پر قابو اور دیگر مسائل کے لیےحقوق کا تعین کر سکتی ہے۔

## اس کا طریقہ کار کیا ہے؟

ریاستی قوانین پر مشتمل مقدمات ریاستی ٹرائل کورٹ میں چلائے جاتے ہیں

**مدعا علیہ مقدمہ ہارتا ہے اور اپیل کرتا ہے**

ثالث عدالت مرافعہ

**مزید اپیل**

این سی سپریم کورٹ

**فیصلوں میں اگر دستوری تشریح کا مسئلہ پیدا ہو جائے تو اس کے خلاف اپیل کی جا سکتی ہے**

یو ایس سپریم کورٹ

### ججوں کو ملازمت کیسے ملتی ہے؟

ججوں کو آپ جیسے ووٹرز کے ذریعے 8 سال کی میعاد کے لیے منتخب کیا جاتا ہے۔

### این سی سپریم کورٹ میں کون ہوتا ہے؟

چیف جسٹس

معاون جج صاحبان

### ووٹ دینے کے حقوق

مئی 2022، میں این سی سپریم کورٹ پچھلے سنگین الزامات والے لوگوں کے ووٹ دینے کے حقوق کا تحفظ کیا تھا - جس کے نتیجے میں لاکھوں لوگوں کو ووٹ دینے کے حقوق حاصل ہوئے۔

### امیگریشن

این سی سپریم کورٹ اس بات کا تعین کرتی ہے کہ وفاقی امیگریشن قانون اور قانون سازی کو ریاست میں کس طرح لاگو کیا جائے؟ مثال کے طور پر، 2016 کے ایک مقدمے کے نتیجے میں،اس بات کو ضروری قرار دیا گیا کہ ریاستی عدالت کو پلی ڈیل (عرضی کے سودے)کے عواقب سے آگا کیا جائے (ریاست بمقابلہ Nkiam، سپریم کورٹ نے زبانی جرحہ سننے کے بعد کارروئی سے انکار کیا، جس نے عدالت مرافعہ کے فیصلہ کو برقرار رکھا)۔

### اسکولوں میں نسلی تعلیم

این سی سپریم کورٹ کے فیصلے این سی پبلک اسکولوں کی مالی معاونت پر اثر انداز ہو سکتے ہیں، جو کہ طلبا کے لیے درکار وسائل اور اساتذہ کا تعین کر سکتے ہیں۔

### ضلعوں کی دوبارہ حد بندی

ا فروری 2022 میں ریاستی سپریم کورٹ نے غیر منصفانہ ضلعی نقشوں کو مسترد کر دیا اور حکم دیا کہ ریاستی قانون ساز کے ان کی از سر نو حد بندی کی جائے۔

VOTE

اپنے سپریم کورٹ کے ججوں کے لیے!

این سی سپریم کورٹ، ہمارے عدالتی نظام میں قدغنی توازنِ اقتدار ایک اہم حصّہ ہے، اور **ووٹروں کو اس بات کے انتخاب کا اختیار ہے کہ وہاں پر کون ہے۔**

NORTH CAROLINA
ASIAN AMERICANS TOGETHER

انتخابات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے www.ncaat.org/vote ملاحظہ کریں

VOTE

بہت سی دیہی اور مضافاتی کمیونٹیوں میں شریف **قانون کے نفاذ کی بنیادی ایجنسی** ہیں۔

# شریف کیا کرتا ہے؟

شریف درج ذیل موضوعات میں فیصلہ سازی کے لیے زبردست بلا روک ٹوک والے اختیارات کا حامل ہوتا ہے، جیسے ....

(*شریف کا انتخاب **4** سالہ میعاد کے لیے آپ جیسے ووٹروں کے ذریعہ کیا جاتا ہے اور ریاست کے ذریعے ان کی راست طور پر نگرانی نہیں کی جاتی ہے۔)

## 1. گرفتاریاں

اس بات کا تعین کرتا ہے کہ **کن جرائم** کے لیے لوگوں کو گرفتار کیا جا سکتا ہے، مخصوص جرمانے **کس قدر شدید** ہیں، اور **کون اور کتنے لوگ** جیل جائیں گے۔*

1. شریف نوجوانوں اور دیگر کم خطرے والے مرتکبین کو ڈائیورشن پروگرامز میں بھیجنے کا انتخاب کر سکتا ہے جو کہ اکثر مستقل مجرمانہ ریکارڈ سے بچ سکتے ہیں۔

## 2. امیگریشن

**اامیگریشن اور کسٹمز اینفورسمنٹ (ICE) کے ساتھ تعاون کرنے یا نہ کرنے اور اس کے طریقہ کار کے سلسلے میں** وسیع صوابدید کا حامل ہوتا ہے۔

- 287(g) آئی سی ای (ICE) کے ساتھ ایک رضاکارانہ معاہدہ ہے جو مقامی ڈپٹیوں کو امیگریشن کے ایجنٹ کا کردار ادا کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ یہ ملک کے وطن واپس بھیجے جانے والے کے انفرا اسٹریکچر میں ایک اہم فنل بن گیا ہے۔

## 3. بے دخلی

**بےدخلی کی نوٹسیں پیش کرتا ہے، بے دخلی کے حکم نامے کو لاگو کرتا ہے،** بشمول کرایہ داروں اور ان کے سامان کو حقیقی طور پر ہٹانا ہے دخلی- اور لوگوں کی ان کے گھروں سے بے دخلی کے بعد **مربونہ کی نیلامیوں کا جائزہ** لیتا ہے ۔

## 4. جیلوں میں صحت و سلامتی*

اس بات کا اختیار رکھتا ہے کہ **جسمانی اور ذہنی صحت کی کیفیات والے قیدیوں کو کس طرح نگہداشت موصول ہوگی،** بشمول دواؤں تک رسائی۔

### جیل قید خانے سے مختلف ہے**

جیلیں مقدمہ یا سزا کے منتظر لوگوں اور یا نو گرفتار شدہ لوگوں کے لیے عارضی طور پر ٹھہرانے کی عمارتیں ہیں-جن میں سے بعض لوگوں کا جرم ثابت نہیں ہوا ہو یا ان پر کسی جرم کا الزام عائد نہیں کیا گیا ہو۔

## 5. اسکول کی سلامتی

این سی پبلک اسکولوں میں **اسکول ریسوس افسر (SRO) کے پروگرام میں تربیت دیتا ہے، رکھتا ہے اور اسکول کی نگرانی کرتا ہے۔**

- مقامی اسکولوں کے نظام کے ساتھ اس شراکت داری کے ذریعے، ایس آر او (SRO) پروگراموں کے نتیجے میں نوجوانوں کی گرفتاریاں بڑھ سکتی ہے، جو کہ اسکول سے جیل، وہاں سے ملک واپسی میں ایک اہم کردار ادا کرتا ہے۔

# اپنی آواز بلند کریں!

**ووٹ دیں اور اس بات کا اظہار کریں آپ کی کاؤنٹی کا شریف کون ہوگا!**

# این سی جنرل اسمبلی
# کے بارے میں آپ کو کیا جاننا چاہیے

**جنرل اسمبلی ریاستی قوانین بناتی ہے جو نارتھ کیرولائنا کے باشندوں پر نافذ ہوتے ہیں۔**

## جنرل اسمبلی* = ہاؤس + سینیٹ*

*جنرل اسمبلی ایسی کی قانون ساز ہے

### سینیٹ

- 50 اراکین، ہر ضلع کے لیے ایک
- سینیٹ کا صدر= لیفٹیننٹ گورنر
  لیفٹیننٹ گورنر کو این سی ووٹرز منتخب کرتے ہیں اور اس کے پاس سوائے سینیٹ میں یکساں ووٹ کو توڑنے کے کوئی ووٹ نہیں ہوتا

### ایوانِ نمائندگان

- 120 اراکین، ہر ضلع کے لیے
- پرسائیڈنگ آفیسر= ایوان کا اسپیکر
  اسپیکر کو دو سالہ میعاد کے لیے ایوان کے اراکین کے ذریعے منتخب کیا جاتا ہے۔

1. اراکین دو سالہ میعاد کے حامل ہیں
2. جنرل اسمبلی ہر طاق سال منعقد ہوتی ہے (جسے "لانگ سیشن" کہا جاتا ہے) اور پھر اگلے جفت سال میں منعقد ہوتی ہے (جسے "شارٹ سیشن" کہا جاتا ہے۔)
3. اراکین کو لوگ اپنے سینیٹ یا ایوان کے ضلع میں منتخب کرتے ہیں

### زبردست اکثریت کیا ہے؟

زبردست اکثریت اس وقت واقع ہوتی ہے، جب ایک جماعت کو ایوان اور سینیٹ دونوں میں سیٹوں کی اکثریت حاصل ہوتی ہے۔ اس کے نتیجے میں ایک جماعت کو قوانین منظور کروانے میں مدد ملتی ہے اور مستقل طور پر گورنر کے ذریعے اس کی مخالفت کو مسترد کرنے کی اجازت ملتی ہے۔
زبردست اکثریت کے لیے **سینیٹ میں 50 سیٹوں میں سے 30 سیٹیں** درکار ہوتی ہیں اور **ایوان میں 120 میں سے 72 سیٹیں** درکار ہوتی ہے۔

### میں کس ضلع میں رہتا/رہتی ہے؟



ضلع کی دوبارہ حد بندی اس ضلع پر اثر انداز ہوسکتی ہے، جس میں آپ رہائش پذیر ہے۔
**اس ویب سائٹ پر جا کر اپنے ایوان اور سینیٹ کے ضلع کا پتہ لگا سکتے ہیں: ncleg.gov/FindYourLegislators**

## ریاستی قانون ساز اراکین قوانین بنانے کے لیے مسودہ سازی اور منظوری میں ایک زبردست کردار ادا کرتے ہیں۔

### ووٹ دینے کے حقوق

- سنیٹ بلز 326، 724 اور 725: مخالف ووٹر دفعات جو ووٹ کو دباتی ہیں، نسلی پرستانہ ووٹر کے شناختی کارڈ کے قانون کو لاگو کرتی ہیں اور کم وسائل والی کمیونٹیز کو محفوظ طور پر انتخابات چلانے کے لیے مالی معاونت کو روکتی ہیں۔

### صحت تک رسائی

- ہاؤس بِل 149: این سی میں نگہداشت صحت کے لیے فنڈنگ کو بڑھاتی ہے۔

### امیگریشن

- سنیٹ بِل 101: ریاستی قانون نفاذ کی ایجنسی اور آئی سی ای (ICE)کے درمیان باہمی تعاون کا تقاضہ کرتا ہے ہے، جس کے نتیجے میں تارکین وطن کمیونیٹیز خطرے میں پڑ جاتے ہیں۔
- سنیٹ بِل 753: یو این سی (UNC) اور کمیونٹی کالج میں کچھ تارکین وطن نوجوانوں اندرون ریاست والی ٹیوشن دیتا ہے۔

### نفرت پر مبنی جرائم

- ہاؤس بِل 354 اور سینیٹ بِل 439: نفرت پر مبنی جرائم کی تعریف کو بڑھاتا ہے اور افسران کو نفرت پر مبنی جرائم پر ردعمل کرنے میں مدد کے لیے وسائل فراہم کرتا ہے

**ریاستی قانون ساز ان قوانین پر فیصلہ کرتی ہیں، جن کا ہم روزانہ کی بنیاد پر سامنا کرتے ہیں۔**
**ایسے قانون سازوں کو ووٹ دیں جو آپ کے اصولوں کی قدر کرتے ہیں!**

NORTH CAROLINA
ASIAN AMERICANS TOGETHER

مقامی انتخابات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے وزٹ کریں
*www.ncaat.org/vote*

VOTE

NORTH CAROLINA
ASIAN AMERICANS TOGETHER

**این سی اے اے ٹی (NCAAT) ایک غیر جانبدار، غیر منفعتی تنظیم ہے، جو شمالی کیرولائنا میں رہائش پذیر ایشیائی امریکی اور بحرالکاہل جزائر کے باشندوں اور اتحادیوں میں کمیونٹی کو فروغ دینے کے ذریعے سب کے لیے مساوات اور انصاف کی حمایت کرنے کےعزم کی پابند ہے۔**

## ہماری سرگرمیوں میں شامل ہیں

+ AAPI نوجوانوں کو آگے بڑھانے کے لیے انٹرنشپس اور ان میں قائدانہ صلاحیتوں کا فروغ

+ شہریت کی درخواست میں معاونت

+ ہماری کمیونٹی پر اثر انداز ہونے والے مسائل بشمول ووٹنگ کے حقوق، نسلی انصاف اور امیگریشن پر کمیونٹی کی زبان میں معلومات کی فراہمی

+ کمیونٹی کی تعمیر اور تقریبات

مزید جانیں اور ہمارے ساتھ رضاکارانہ خدمات انجام دیں!
www.ncaat.org/updates ملاحظہ کریں

**2022** جنرل الیکشن میں

VOTE

### اہم تاریخیں

| | |
|---|---|
| ووٹر میل اِن بیلٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں | ستمبر **9** تا نومبر **1** |
| قبل از وقت ووٹنگ اور ون اسٹاپ رجسٹریشن | اکتوبر **20** تا نومبر **5** |
| انتخابی دن | **نومبر 8** |

### ووٹ دینے کا طریقہ

میل اِن بیلٹ کی درخواست دینے کے لیے، اپنے قبل از وقت ووٹ دینے کے مقام کا پتہ لگائیں اور مزید معلومات کے لیے وِزٹ کریں:ncaat.org/vote

این سی اے اے ٹی (NCAAT) کی طرف ووٹنگ سے متعلق سے ہمہ لسانی معاوت کے لیے کال کریں 2442-591-919